# حروف تہجی
# Introduction (jazm, zer, zabar)

Lesson # 1

# فرمان باری تعالی

[إِنَّا جَعَلْنَاهُ قُرْآنًا عَرَبِيًّا لَّعَلَّكُمْ تَعْقِلُونَ]

ہم نے اسے قرآن العربی بنا کر نازل فرمایا ہے، تاکہ تم اسے سمجھ سکو۔

سورۃ الزخرف: ۳

اَلْمُسْلِمُ، اَلْمُسْلِمَ، اَلْمُسْلِمِ۔

## حروف تہجی

عربی زبان میں کل اٹھائیس (28) حروف تہجی ہیں۔

| حروف | ادائیگی | حروف | ادائیگی | حروف | ادائیگی |
|---|---|---|---|---|---|
| ا.ء | الف.همزه | ز | زای | ق | قاف |
| ب | باء | س | سین | ک | کاف |
| ت | تاء | ش | شین | ل | لام |
| ث | ثاء | ص | صاد | م | میم |
| ج | جیم | ض | ضاد | ن | نون |
| ح | حا | ط | طا | و | واؤ |
| خ | خا | ظ | ظا | ه | ها |
| د | دال | ع | عین | ی | یاء |
| ذ | ذال | غ | غین | | |
| ر | را | ف | فا | | |

# چند بنیادی اصطلاحات

## (Basic Grammatical Terms)

**حرکت:** زبر (َ)، زیر (ِ) اور پیش (ُ) میں سے ہر ایک حرکت کو کہتے ہیں۔ یہ تینوں ''حرکات ثلاثہ'' کہلاتی ہیں۔ عربی زبان میں زبر (َ) کو فتحہ، زیر (ِ) کو کسرہ اور پیش (ُ) کو ضمہ کہتے ہیں۔

**سکون:** جزم (ْ) کو کہتے ہیں۔

**تنوین:** دوزبر (ً)، دوزیر (ٍ) اور دوپیش (ٌ) میں سے ہر ایک کو تنوین کہتے ہیں۔

**مُتَحَرِّک:** جس حرف پر کوئی حرکت ہو اسے متحرک کہتے ہیں۔ قُضِیَ جیسے میں (قُ - ضِ - یَ)

**مَفْتُوح:** جس حرف پر فتحہ (َ) ہو اسے مفتوح کہتے ہیں۔ جیسے: قُضِیَ میں "ی"

**مَکْسُور:** جس حرف پر کسرہ (ِ) ہو اسے مکسور کہتے ہیں۔ جیسے: قُضِیَ میں "ض"

**مَضْمُوم:** جس حرف پر ضمہ (ُ) ہو اسے مضموم کہتے ہیں۔ جیسے: قُضِیَ میں "ق"

**سَاکِن:** جس حرف پر سکون یا جزم (ْ) ہو اسے ساکن کہتے ہیں۔ جیسے: نِعْمَۃٌ میں "ع"

**مُنَوَّن:** جس حرف پر تنوین ( ً ٍ ٌ ) ہو منون کہلاتا ہے۔ جیسے: محمودٌ میں "د"

**مُشَدَّد:** جس حرف پر تشدید ( ّ ) کی علامت ہو مشدد کہلاتا ہے۔ جیسے: مُحَمَّدٌ میں "م"

یاد رکھیے! جس حرف پر تشدید کی علامت ہو اسے دو مرتبہ پڑھا جاتا ہے۔

## التمرین (Exercise)

صحیح اور غلط کی نشاندہی کریں:

| الفاظ | اصطلاحات | درست جواب |
|---|---|---|
| بِسْمِ اللّٰهِ میں میم | مکسور یا مضموم | |
| هُدًى میں دال | منوّن یا مشدد | |
| صِرَاطَ میں طاء | مضموم یا مفتوح | |
| أَنْعَمْتَ میں عین | ساکن یا متحرک | |
| مُتَّقِيْنَ میں تاء | مشدد یا مضموم | |
| نَعْبُدُ میں باء | مفتوح یا مضموم | |

حرکات ثلاثہ
سے کیا مراد ہے
زبر، زیر اور پیش کو
حرکات ثلاثہ
کہتے ہیں۔

Salasa means Three

| | حَرَكات |
|---|---|
| The Short Vowel U | ضَمَّةٌ (پیش) |
| The Short Vowel I | كَسْرَةٌ (زیر) |
| The Short Vowel A | فَتْحَةٌ (زبر) |




متحرک - حرکت والا حرف
جس حرف کے اوپر کوئی حرکت ہو
بَ تِ ثُ

عربی زبان میں دوسری اہم چیز حرکات ہیں۔ بنیادی حرکات درج ذیل ہیں۔




| | حَرَکَات |
|---|---|
| The Short Vowel U | ضَمَّةٌ (پیش) |
| The Short Vowel I | كَسْرَةٌ (زیر) |
| The Short Vowel A | فَتْحَةٌ (زبر) |

☆ ............َ زبر جسے عربی میں فتحہ کہتے ہیں۔

☆ ............ِ زیر جسے عربی میں کسرہ کہتے ہیں۔

☆ ............ُ پیش جسے عربی میں ضمہ کہتے ہیں۔

جس حرف پر زبر ہو اس حرف کو مَفْتُوْح کہا جاتا ہے۔

جس حرف پر زیر ہو اس حرف کو مَکْسُوْر کہا جاتا ہے۔

جس حرف پر پیش ہو اس حرف کو مَضْمُوْم کہا جاتا ہے۔

دوہری (Double) حرکت ..........ً .......... ..........ٌ کو تنوین کہتے ہیں۔

حرکات کے علاوہ ایک اور اہم علامت سکُون کی علامت ہے جو کہ درج ذیل ہے:

..........ْ یا ..........ٛ

# Exercise-
Mark pesh, zabar, zer, tanween, jazm/sukoon and shadd


| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَنَادٰى ﴿23﴾ | فَقَالَ | اَنَا | رَبُّكُمُ | الْاَعْلٰى ﴿24﴾ | فَاَخَذَهُ | اللّٰهُ | نَكَالَ |
| پھر اس نے پکارا | پھر اس نے کہا | میں | رب ہوں تمہارا | سب سے بلند | تو پکڑ لیا اسے | اللہ نے | عذاب میں |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاٰخِرَةِ | وَالْاُوْلٰى ﴿25﴾ | اِنَّ | فِيْ ذٰلِكَ | لَعِبْرَةً | لِّمَنْ | يَّخْشٰى ﴿26﴾ |
| آخرت | اور دنیا کے | بے شک | اس میں | یقیناً عبرت ہے | اس کے لیے جو | ڈرتا ہو |


# Assignment

- Write Down all Signs (Harakaat) in your note book



| | حَرَکات |
|---|---|
| The Short Vowel U | ضَمَّةٌ (پیش) |
| The Short Vowel I | كَسْرَةٌ (زیر) |
| The Short Vowel A | فَتْحَةٌ (زبر) |



عربی زبان میں دوسری اہم چیز حرکات ہیں۔ بنیادی حرکات درج ذیل ہیں۔

☆ ......َ زبر جسے عربی میں فتحہ کہتے ہیں۔
☆ ......ِ زیر جسے عربی میں کسرہ کہتے ہیں۔
☆ ......ُ پیش جسے عربی میں ضمّہ کہتے ہیں۔

جس حرف پر زبر ہو اس حرف کو مَفْتُوْح کہا جاتا ہے۔
جس حرف پر زیر ہو اس حرف کو مَکْسُوْر کہا جاتا ہے۔
جس حرف پر پیش ہو اس حرف کو مَضْمُوْم کہا جاتا ہے۔

# Harakat-Vowel Signs

- In English, "harakat" (or ḥarakāt) refers to the Arabic diacritical marks that are vowel signs, primarily the short vowels:
- Fatha (a short 'a' sound),
- Kasra (a short 'i' or 'e' sound), and
- Damma (a short 'u' sound).

| | |
|---|---|
| The Vowel | حَرَکت |
| The Vowels | حَرَکات |
| The Short Vowel U | ضَمَّۃٌ (پیش) |
| The Short Vowel I | کَسْرَۃٌ (زیر) |
| The Short Vowel A | فَتْحَۃٌ (زبر) |
| | اَلِفٌ |
| The Long Vowel I | یاءٌ |
| The Long Vowel U | واؤٌ |
| The Vowellss | ساکِنٌ |
| The Doubling Sign | تَشْدِید |
| The Lenthining Sign | مَدَّۃٌ |

| | |
|---|---|
| The nunation , The Modulation | تنوین |

# Specimen notes

